Est. 1939 ABC CERTIFIED

بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان

بلوچستان کا قدیم ترین اردو روزنامہ

روزنامہ

نعرۂ حق

کوئٹہ

Daily Nara-e-Haq Quetta

رجسٹرڈ نمبر: 706

چیف ایڈیٹر: عصمت اللہ کاکڑ

Daily.naraehaq@gmail.com

جلد نمبر 85 | 12 ربیع الاول 1448ھ | بدھ 26 اگست 2026ء | قیمت 6 روپے | شمارہ نمبر 160

روس یوکرین سفارت کاری کی طرف واپس آئیں، خطے میں امن کیلئے مذاکرات دوبارہ شروع کریں، پاکستان

بین الاقوامی انسانی قانون کی خلاف ورزیوں کیخلاف میدان میں مزید اضافے، انسانی مصائب میں شدت اور دیرپا امن کے امکانات کو نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ پاکستانی مندوب نے سلامتی کونسل کے رکن اور پاکستان کی جانب سے نیچے اور بہتی مذاکرات کے ذریعے خطے میں پائیدار امن و استحکام کے قیام کے مطالبات بھی دہرائے، پاکستان

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں روس اور یوکرین کے درمیان جاری جنگ میں شہریوں پر ڈرونز اور میزائل حملوں میں مسلسل اضافے کے پیش نظر فوری اور مکمل جنگ بندی کا مطالبہ دہراتے ہوئے فریقین پر زور دیا ہے کہ وہ سفارت کاری کی طرف واپس آئیں اور خطے میں امن و استحکام کے لیے مذاکرات دوبارہ شروع کریں۔ یہ بات اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد نے گزشتہ روز یوکرین کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر سلامتی کونسل کے اجلاس میں بحث کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان فریقین کی جانب سے مختلف محاذوں پر حملوں میں اضافے، ان کی شدت اور پیمانے پر تشویش کا اظہار کرتا ہے کیونکہ اس سے متاثرہ علاقوں میں لوگوں کی زندگیوں اور روزگار کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے 15 رکنی سلامتی کونسل کو بتایا کہ تنازعہ کی

بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 3

خوراک کی فراہمی سے متعلق اہم بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے کی اطلاعات بھی انتہائی تشویشناک ہیں، ایسے حملوں سے عالمی سطح پر پہلے ہی کمزور خوراکی

ایران کی طرف سے پاکستان کی امن و استحکام اور کشیدگی میں کمی سمیت تنازع کے پرامن حل کی کوششوں کی تعریف

فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ایران کے دورہ کے دوران ایرانی صدر سمیت اہم رہنماؤں سے ملاقاتیں، اہم امور پر خیال

تہران، راولپنڈی (این این آئی) ایران کی قیادت نے پاکستان کی خطے میں امن و استحکام اور کشیدگی میں کمی سمیت تنازع کے پرامن حل کی کوششوں کو سراہتے ہوئے تعاون کا یقین دلایا ہے۔ تفصیلات کے مطابق خطے میں امن و سلامتی کے فروغ کیلئے پاکستان کی کوششیں جاری ہیں اس سلسلے میں چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیر

بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 3

اپوزیشن عدم اعتماد لائے گی تو اسے سہولت فراہم کریں گے، سپیکر قومی اسمبلی

سپیکر کی ذمے داری نہیں کہ ایوان کا کورم مکمل کرے، کورم مکمل کرنا حکومت اور اپوزیشن دونوں کی ذمے داری ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ وزیر اعظم یا اسپیکر کے خلاف

بقیہ نمبر 30 صفحہ نمبر 3

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف سے سعودی پاک جوائنٹ بزنس کونسل کے چیئرمین ہز ایکسلینسی منصور بن محمد السعود کی قیادت میں اعلیٰ سطح کے سعودی تجارتی وفد ملاقات کر رہے ہیں

میرے لوگوں کو صوبے کا مقدم رکھا جائیگا

وزیر اعلیٰ بلوچستان

ملازمتیں فروخت نہیں ہوں گی

نومنتخب افسران پر زور دیا کہ وہ محنت، لگن اور ریاست سے غیر مشروط وفاداری کے عہد کے ساتھ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کا آغاز کریں اور ادارے کی کارکردگی کو نئی بلندیوں تک لے جانے میں اپنا کردار ادا کریں، بلوچستان کی باصلاحیت خواتین بھی بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں افسران کے طور پر منتخب ہوئی ہیں

غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی سے بچنے والے وسائل کو عوامی فلاح، تعلیم، صحت، بنیادی سہولیات اور دیگر ترقیاتی ترجیحات پر خرچ کیا جائیگا، انہوں نے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالنے کے روز اہل بلوچستان کے عوام سے وعدہ کیا تھا کہ سرکاری ملازمتیں فروخت نہیں ہوں گی اور محرومین میرٹ کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کے ذریعے 19 افسران کی میرٹ پر تعیناتی کا عمل مکمل ہوگیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نومنتخب افسران میں تقرری کے لیٹرز تقسیم کیے اور انہیں مبارکباد دیتے ہوئے محنت، لگن، دیانت داری اور ریاست سے غیر مشروط وفاداری کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے سربراہ کی کارکردگی کو بلوچستان کے عوام کے سامنے مستقل میں کلیدی کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ صوبے کے وسائل کا ایک بڑا حصہ غیر ترقیاتی اخراجات کی نذر ہو جاتا ہے، جس کے باعث عام بلوچستانی کی فلاح و بہبود کے لیے محدود وسائل دستیاب رہتے ہیں۔

بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 3

سرکاری ملازمت کسی فرد یا خاندان کی جاگیر نہیں بلکہ اہل اور حقدار نوجوانوں کا حق ہے، شاہد رند

میرٹ کی اعلیٰ مثال، بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں سینکڑوں ملازمتیں کسی فرد یا خاندان کی جاگیر نہیں بلکہ اہل اور حقدار نوجوانوں کا حق ہے، شاہد رند

کوئٹہ (این این آئی) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاحی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان نے سرکاری ملازمتوں میں شفافیت، میرٹ اور مساوی مواقع کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات اٹھائے ہیں، بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں 19 افسران کی بھرتی خالصتہ میرٹ کی بنیاد پر کی گئی ہے اور اس عمل میں کسی قسم کی سفارش یا دباؤ کو قبول نہیں کیا گیا ایک بیان میں شاہد رند نے کہا

بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 3

پاکستان ریلوے صرف سفری سہولت کا ذریعہ نہیں بلکہ چاروں صوبوں کو جوڑنے والی قومی شناخت بھی ہے، عتیق عباسی

ریلوے کے 79 سالہ تاریخ میں پہلی مرتبہ وفاقی اور صوبوں کے درمیان ریلوے کی ترقی کیلئے عملی شراکت داری سامنے آرہی، خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر ریلوے محمد عتیق عباسی نے کہا ہے کہ پاکستان ریلوے کی 79 سالہ تاریخ میں پہلی مرتبہ وفاقی اور صوبوں کے درمیان ریلوے کی ترقی کیلئے عملی شراکت داری سامنے آرہی ہے، جو ملکی تاریخ میں ایک نئے باب کے طور پر یاد رکھی جائے گی۔ خیبر پختونخوا میں تقریباً 240 کلومیٹر مفاہمتی ریلوے لائنوں کی اپ گریڈیشن اور کوہاٹ سے خرلاچی تک 192 کلومیٹر نئی انٹرسٹیٹ ریلوے لائن کی تعمیر

بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 3

اقتدار کا مقصد عدل و انصاف کا نفاذ ہونا چاہیے، فضل الرحمٰن

آئین ٹوٹ گیا تو نئی آئین ساز اسمبلی بنانی پڑے گی، پھر اشارہ چلے گا جسے سنبھالنا مشکل ہو جائے گا، ہر ادارے کا اختیار متعین ہے، سربراہ جے یو آئی

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ اقتدار بذات خود مقصد نہیں، اقتدار کا مقصد عدل و انصاف کا نفاذ ہونا چاہیے، قوم، سیاسی جماعتوں اور مذہبی جماعتوں کو تقسیم کرنے کی پالیسی ملک مفاد میں نہیں، صوبوں کو توڑنے کی بجائے ان کے حقوق کا تحفظ کیا جائے۔ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ سیرت النبیؐ کے اجتماعات سے انسانیت کیلئے رسول اللہؐ کے پیغام کو

بقیہ نمبر 45 صفحہ نمبر 3

قراقوں کی تاوان دینے کی بات نہیں مانی جاسکتی، اسحاق ڈار

مغویوں کو تاوان دے کر نہیں چھڑوا سکتے، قراقوں کو اس طرح پیسے ملنے شروع ہو گئے تو وہ یہی کام جاری رکھیں گے، گفتگو

لندن (این این آئی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے واضح کیا ہے کہ قراقوں کی تاوان دینے کی بات نہیں مانی جاسکتی۔ میڈیا سے گفتگو میں نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ صومالیہ میں بحری قراقوں کے ہاتھوں

بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 3

ایران جنگ کے بعد مشرق وسطیٰ میں امریکی سفارتی عملے کی واپسی کی تیاری

امریکی سفارت کاروں کی واپسی اور ہنگامی اقدامات میں کمی کا عمل رواں ہفتے شروع ہو سکتا ہے، محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ایران جنگ کے باعث خالی کرائے گئے مشرق وسطیٰ کے سفارتخانوں میں سفارتی عملے کو دوبارہ تعینات کرنے کی تیاری شروع کر دی۔ امریکی اخبار کی رپورٹ کے مطابق امریکی محکمہ خارجہ کی اندرونی دستاویز سے معلوم ہوتا ہے کہ امریکی سفارت کاروں کی واپسی اور ہنگامی اقدامات میں کمی کا عمل رواں ہفتے شروع ہو سکتا

بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 3

کوئٹہ بلوچستان کیمپس میں آج 12 ربیع الاول کا جشن عقیدت و احترام سے منایا جائے گا، ریکسٹر ڈی چان ڈانڈ

کوئٹہ (یو این اے) 12 ربیع الاول المبارک، جشن عید میلاد النبیؐ کا بابرکت اور مقدس دن آج بروز بدھ 26 اگست کو پاکستان بالخصوص کوئٹہ سمیت

بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 3

پاکستان کی معاشی صورتحال اور اصلاحات پر عالمی اعتماد بڑھ رہا ہے، جرمن سفیر

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان میں جرمنی کے سفیر انا آلمبیچ نے پاکستان کی بہتر ہوتی معاشی صورتحال پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی معاشی صورتحال اور اصلاحات پر عالمی اعتماد بڑھ رہا ہے اور پاکستان کے ساتھ اقتصادی

بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 3

پاکستان کی پنک سالٹ کی برآمدات 3 کروڑ 60 لاکھ ڈالر تک پہنچ گئیں

حکومت معدنیات کی جغرافیائی شناخت، بین الاقوامی پہچان اور ویلیو ایڈیشن کو مضبوط بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے، وزیر تجارت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی پنک سالٹ کی برآمدات مالی سال 2026 میں بڑھ کر 3 کروڑ 60 لاکھ ڈالر تک پہنچ گئیں جبکہ برآمدی حجم ایک لاکھ 48 ہزار ٹن سے تجاوز کر گیا۔ وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان کو دستیاب سرکاری دستاویزات کے مطابق حکومت معدنیات کی جغرافیائی شناخت، بین الاقوامی پہچان اور ویلیو ایڈیشن کو مضبوط بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے، مقامی نمک کی برآمدات مالی سال 2025 میں 3 کروڑ

بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 3

پاکستان کو جولائی میں 76 کروڑ 30 لاکھ ڈالر کی غیر ملکی اقتصادی معاونت موصول

موصول ہونے والی مجموعی غیر ملکی اقتصادی معاونت میں قرضوں کا حصہ نمایاں رہا، دستاویزات

کراچی (این این آئی) پاکستان کو جولائی 2026 کے دوران غیر ملکی اقتصادی معاونت کی مد میں مجموعی طور پر 76 کروڑ 30 لاکھ ڈالر موصول ہوئے۔ سرکاری دستاویز کے مطابق اس رقم میں قرضوں کے ساتھ گرانٹس بھی شامل تھیں، تاہم مجموعی معاونت کا بڑا حصہ قرض کی شکل میں حاصل ہوا۔ اعداد و شمار پر مبنی دستاویزات کے مطابق جولائی

بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 3

ایران کی طرف سے پاکستان کی امن و استحکام اور کشیدگی میں کمی سمیت تنازع کے پرامن حل کی کوششوں کی تعریف

فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ایران کے دورہ کے دوران ایرانی صدر سمیت اہم رہنماؤں سے ملاقاتیں، اہم امور پر خیال

تہران، راولپنڈی (این این آئی) ایران کی قیادت نے پاکستان کی خطے میں امن و استحکام اور کشیدگی میں کمی سمیت تنازع کے پرامن حل کی کوششوں کو سراہتے ہوئے تعاون کا یقین دلایا ہے۔ تفصیلات کے مطابق خطے میں امن و سلامتی کے فروغ کیلئے پاکستان کی کوششیں جاری ہیں اس سلسلے میں چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیر

بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 3

پاکستان اس وقت ہم ریٹنگ ایجنسیوں کے ساتھ کام کر رہا ہے، وزیر خزانہ

درآمدات پر انحصار کی بجائے برآمدات پر مبنی ترقی و نمو پر ہماری گہری نظر ہے، رواں مالی سال میں یورو بانڈز سے 1 ارب 2 ارب ڈالر حاصل کرنے کا ہدف ہے، نیٹز اور نگریب کا کوانٹروپ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ 10 ارب ڈالر کے سویپ لائن کے معاملے پر پاکستان کو امریکا کی جانب سے تقریری پیش رفت ملی ہے، امید ہے اگلے چند ماہ میں جواب موصول ہو جائے گا، درآمدات پر انحصار کی بجائے برآمدات پر مبنی ترقی و نمو پر ہماری گہری نظر ہے، پاکستان رواں مالی سال میں یورو بانڈز سے 1 ارب سے 2 ارب ڈالر حاصل کرنے کا ہدف رکھتا ہے۔ نان کنل ٹائمز کو انٹرویو میں وزیر خزانہ نے کہا کہ عالمی کیپٹل مارکیٹس میں واپسی کے منصوبہ بندی کے تناظر میں پاکستان

بقیہ نمبر 33 صفحہ نمبر 3

حکومت کو خطرہ نہیں، مدت پوری کرے گی، طارق فضل

پتا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کو شٹ انٹرنیٹ کے بجائے پورشور ہوگا، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ حکومت کو کوئی خطرہ نہیں ہے، حکومت اچھے طریقے سے اپنے فرائض انجام دے رہی ہے اور اپنی مدت پوری کرے گی۔ ایک انٹرویو میں ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے کہا کہ ہمیں پتا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کو شٹ انٹرنیٹ کے بجائے پورشور کل کریں گے تو میڈیا پر بہت شور ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس سارے شور سے ہم گزر کر کہتے تھے لیکن اگر وہاں ایسے

بقیہ نمبر 14 صفحہ نمبر 3

ٹیک نیوز میں بھارتی میڈیا سب سے آگے، امریکی سنیٹر کی بھارتی میڈیا پر سخت تنقید

نئی دہلی (آن لائن) براڈ کاسٹنگ سٹیٹ نیوز اور ٹیک نیوز میں بھارتی میڈیا سب سے آگے ہے۔ امریکی سنیٹر نے بھارتی میڈیا کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ امریکی سنیٹر نے کہا ہے کہ بھارتی میڈیا پر

بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 3

پاکستان ریلوے اور خیبر پختونخوا حکومت کے درمیان صوبے میں ریلوے نظام کی بحالی کے لیے فریم ورک معاہدے پر دستخط

معاہدے کے تحت خیبر پختونخوا میں تقریباً 240 کلومیٹر طویل مضافاتی ریلوے لائنوں کو اپ گریڈ کیا جائے گا، وزیر ریلوے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ریلوے اور خیبر پختونخوا حکومت کے درمیان صوبے میں ریلوے نظام کی بحالی، جدید کاری اور علاقائی روابط کے فروغ کے لیے فریم ورک معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ اس حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر ریلوے عتیق عباسی نے کہا کہ یہ فریم ورک معاہدہ وزیر اعظم پاکستان کے وژن اور رہنمائی کے تحت طے پایا ہے، جس کا مقصد وفاق اور صوبوں کے درمیان مضبوط شراکت داری

بقیہ نمبر 37 صفحہ نمبر 3

کوئٹہ پاکستان ریلوے ورکرز یونین کا ڈویژنل آفیسر سے رابطہ، 21 نکاتی بدنظمی کا مسئلہ اٹھایا

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان ریلوے ورکرز یونین کوئٹہ ڈویژن کے ایک اہم وفد نے صدر شیر محمد بلوچ اور جنرل سیکرٹری محمد سلیم سربرہ کی قیادت میں

بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 3

پاک امریکا اقتصادی شراکت داری میں مزید پیش رفت، سرمایہ کاری کے نئے امکانات

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور امریکا کے درمیان اقتصادی و سرمایہ کاری تعاون کو نئی جہت دینے کی جانب اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں ایشیا انویسٹمنٹ کمیشن کونسل (ایس آئی سی) کی سہولت کاری سے امریکی سرمایہ کاروں کے لیے پاکستان میں سرمایہ کاری کے نئے مواقع کا جائزہ لیا گیا۔ امریکی ناظم الامور خالی نکلر نے ایس آئی

بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 3

پی ٹی آئی کی جانب سے پریم کورٹ رجسٹرار کی جانب سے لگائے گئے اعتراضات کو دور کر کے درخواست دوبارہ دائر کر دی گئی

اعتراضات دور کیے جانے کے بعد اب درخواست کو نمبر الاٹ کر کے سماعت کے لیے مقرر کیے جانے کا امکان

اسلام آباد (آن لائن) پی ٹی آئی کی جانب سے پریم کورٹ رجسٹرار کی جانب سے لگائے گئے اعتراضات کو دور کر کے درخواست دوبارہ دائر کر دی گئی ہے۔ رجسٹرار پریم کورٹ نے

بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 3

عمران سے متعلق عدالتی فیصلے پر عمل ہوا تو عدالت جو فیصلہ دے گی عمل کریں گے، رانا ثناء اللہ

ہمارا موقف ہے کہ عدالت کے فیصلے پر عمل ہوا، عدالت فیصلہ کرے گی کہ کمی رہ گئی یا فیصلے پر عمل ہوا، مشیر وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ عمران خان سے متعلق عدالت کے فیصلے پر عمل ہوا تو 16 ستمبر کو عدالت جو فیصلہ کرے گی اس پر عمل کریں گے، حکومت اور سپریم کورٹ سمیت عدالتیں بھی آئین کے تابع

بقیہ نمبر 39 صفحہ نمبر 3

بانی پی ٹی آئی کو اسپتال منتقل کرنے کا پلان آخری لمحے میں تبدیل کیا گیا، بیرسٹر گوہر کا بڑا انکشاف

ہماری کوششوں پر پانی ڈال دیا گیا، اگر بانی پی ٹی آئی کا شٹ انٹرنیشنل اسپتال میں علاج ہو جاتا تو بہت اچھا ہوتا، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے دعویٰ کیا ہے کہ ان کی اطلاع کے مطابق بانی پی ٹی آئی کو اسپتال منتقل کرنے کا منصوبہ آخری لمحے میں تبدیل کیا گیا۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہماری کوششوں پر پانی ڈال دیا گیا، اگر بانی پی ٹی آئی کا شٹ انٹرنیشنل اسپتال میں علاج ہو جاتا تو بہت اچھا ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ وہ سیاسی نہیں ہیں اور دوبارہ

بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 3

10 روپے کے نوٹ کو ختم کریں اس کی لاگت زیادہ پڑتی ہے، حکام اسٹیٹ بینک

5 ہزار، 1 ہزار روپے کے نوٹ کو تیار کرنے پر 14 روپے لاگت آتی ہے، 5 ہزار کا نوٹ 20 سال چلے بتایا تھا، نیا نوٹ 15 سال کیلئے ڈیزائن کر رہے ہیں، 10 کا نوٹ ختم کرنے کی تجویز ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسٹیٹ بینک حکام نے بتایا کہ 5 ہزار اور 1 ہزار روپے کے نوٹ تیار کرنے پر 14 روپے لاگت آتی ہے، 5 ہزار کا نوٹ 20 سال چلے بتایا تھا، نیا نوٹ 15 سال کیلئے ڈیزائن کر رہے ہیں، 10 کا نوٹ ختم کرنے کی تجویز ہے، روپے کے نوٹ ختم کریں اس کی لاگت زیادہ پڑتی ہے، ٹک میں اب سب سے چھوٹا کرنسی نوٹ

بقیہ نمبر 44 صفحہ نمبر 3

مودی حکومت اپنے وعدوں سے مکر گئی، کانگریس جنتا پارٹی نے دوبارہ بڑے مارچ کا اعلان کر دیا

احتجاج پر امن ہوگا تاہم حکومت کی جانب سے وعدے پورے نہ کیے گئے تو احتجاجی تحریک دوبارہ شدت اختیار کر سکتی ہے، کانگریس جنتا پارٹی

نئی دہلی (این این آئی) میں بیچ لیک تنازع ایک بار پھر شدت اختیار کرنے لگا کانگریس جنتا پارٹی نے 5 ستمبر کو انڈیا گیٹ سے دہلی پولیس ہیڈ کوارٹر تک پرامن مارچ کا اعلان کر دیا۔ حکم کے مطابق جنتر منتر پر احتجاج ختم ہوئے ابھی چار ہفتے ہی گزرے ہیں لیکن 25 جولائی کو حکومت کی جانب سے دی گئی یقین دہانیوں پر عمل نہ ہونے کے باعث دوبارہ

بقیہ نمبر 21 صفحہ نمبر 3

نجی میڈیکل کالجز میں 18 سے 21 لاکھ روپے سالانہ فیس مقرر کی گئی ہے، پارلیمانی سیکرٹری قومی صحت

پاکستان کے کالجز آئینی انجام انجام میں، ہزاروں طلبا میں مشکلات پیدا کی ہیں، ان کا بازو کے ترقی جاری کیے ہیں، اصغلی کرام

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری قومی صحت ڈاکٹر ثمینہ عظیم نے قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ نجی میڈیکل کالجز میں 18 سے 21 لاکھ روپے سالانہ فیس مقرر کی گئی ہے، اس سے زائد فیس وصولی پر 45 اداروں کو شوکاز نوٹس جاری کیے گئے ہیں۔ آسے تاخیری اور دیگر کے اسلام آباد میڈیکل کالجز اور نجی ہسپتالوں میں بہت زیادہ فیسوں اور چارجز سے متعلق قومی اور ڈاکٹر نوٹس کے جواب میں پارلیمانی سیکرٹری قومی صحت ڈاکٹر ثمینہ عظیم نے بتایا

بقیہ نمبر 19 صفحہ نمبر 3

پاک ایران گیس پائپ لائن پر امریکی پابندیوں کی وجہ سے کام نہ ہو سکا، مسئلے کا حل نکالنے کیلئے دوستانہ انداز میں

ارجنٹین دوستانہ ماحول میں مسئلے کا حل ڈھونڈ رہے، پاکستان پر پابندیاں موجود اس پر عملی اقدامات نہیں کیے جا رہے، بلاٹ میں جناب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر توانائی علی پرویز ملک نے ایوان بالا کو بتایا ہے کہ پاک ایران گیس پائپ لائن پر امریکی پابندیوں کی وجہ سے کام نہ ہو سکا، مسئلے کا حل نکالنے کے لیے دوستانہ انداز میں کوششیں کر رہے ہیں۔ مشکل کو سمجھنے میں توجہ

بقیہ نمبر 35 صفحہ نمبر 3

ایران جنگ کے بعد مشرق وسطیٰ میں امریکی سفارتی عملے کی واپسی کی تیاری

امریکی سفارت کاروں کی واپسی اور ہنگامی اقدامات میں کمی کا عمل رواں ہفتے شروع ہو سکتا ہے، محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ایران جنگ کے باعث خالی کرائے گئے مشرق وسطیٰ کے سفارتخانوں میں سفارتی عملے کو دوبارہ تعینات کرنے کی تیاری شروع کر دی۔ امریکی اخبار کی رپورٹ کے مطابق

بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 3

خیبر پختونخوا میں سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی امداد کیلئے اقدامات جاری ہیں، وفاقی وزیر معین وٹو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر آبی وسائل معین حیدر وٹو نے قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ خیبر پختونخوا میں سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی امداد کیلئے فوری اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، لیہ سے 3 لاکھ کیوسک پانی گزر رہا ہے جیسے ہی پانی کم ہوگا بحالی اور معاوضہ جات کیلئے اقدامات شروع کئے جائیں گے۔ بنگل سیلاب کے خطرہ سے متعلق اولیس حیدر جھگڑا اور دیگر کے تحریک میڈول نوٹس پر وفاقی وزیر آبی وسائل معین

بقیہ نمبر 36 صفحہ نمبر 3

عمان کے ساحل کے قریب آئل ٹینکر پر حملہ، جہاز ناکارہ ہو گیا

مسقط (این این آئی) عمان کے ساحل کے قریب آئل ٹینکر پر پروپیلنٹ سے حملہ ہوا ہے جس سے جہاز ناکارہ ہو گیا۔ برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز ایجنسی کے مطابق حملے میں جہاز کے انجن روم کو نقصان پہنچا ہے جبکہ عملہ محفوظ رہا۔ غیر ملکی میڈیا کے

بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 3

امریکی عوام میں ایران جنگ کی حمایت میں نمایاں کمی، ٹرمپ کی مقبولیت کم ترین سطح پر

جنگ کے طویل ہونے، ایندھن کی قیمتوں میں اضافے اور چیلنجز ووٹرز کی حمایت میں کمی نے جنگ کی حمایت متاثر کی، سروے

تہران (این این آئی) ایران کے خلاف امریکی فوجی کارروائی کی حمایت میں امریکی عوام کی تعداد کم ہو کر 31 فیصد رہ گئی ہے جبکہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی عوامی مقبولیت بھی اپنی کم ترین سطح پر برقرار ہے۔ تازہ سروے کے مطابق جنگ کے طویل ہونے، ایندھن کی قیمتوں میں اضافے اور چیلنجز ووٹرز کی حمایت میں کمی نے جنگ کی حمایت متاثر کی

بقیہ نمبر 22 صفحہ نمبر 3

وہی قرآں، وہی فرقاں
وہی یٰسیں، وہی طٰہٰ

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ
"اور ہم نے آپ کو تمام جہانوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجا"

وزارتِ اطلاعات و نشریات
حکومت پاکستان
URAAN PAKISTAN
PID(I) 1906-D/26
@GovtofPakistan @Govtofpakistan @GovtofPakistan @Govtofpak www.moib.gov.pk

Daily Nara-e-Haq
نعرۂ حق
روزنامہ
ABC
حق پبلشرز
عدل میں انقلاب
عصمت اللہ کاکڑ نے الکریم پرنٹرز کواری روڈ نزد چلڈرن ہسپتال سے چھپوا کر بیورو آفس سے شائع کیا۔
موبائل نمبر: 03214556669

غزہ سے متعلق اقوام متحدہ کی چشم کشا رپورٹ

غزہ سے بچوں سمیت پچاس افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں جو اس بات کی گواہی ہیں کہ صہیونی دہشت گردی کسی بھی طرح قابو میں نہیں آ رہی۔ اقوام متحدہ کے ترجمان اسٹیفن ڈوجارک نے اپنی چشم کشا رپورٹ میں انکشاف کیا ہے کہ غزہ میں اس وقت 94 فیصد آبادی چھتوں سے محروم ہے اور ہر 80 فیصد گھرانے مناسب پناہ گاہ کے بغیر زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ ترجمان کے مطابق، متعدد پناہ گاہوں کو ایندھن، توانائی اور روزمرہ ضروری اشیاء کی شدید قلت کا سامنا ہے جس کے باعث انسانی امداد پر عائد پابندیاں لوگوں کی سونے، کھانا پکانے، نہانے، کھانے، پانی ذخیرہ کرنے اور گرمی و سردی سے نمٹنے کی صلاحیت کو شدید متاثر کر رہی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ اسرائیلی فضائی حملوں، شیلنگ اور فائرنگ کے واقعات میں فلسطینیوں کے شہید و زخمی ہونے کی اطلاعات مسلسل موصول ہو رہی ہیں جو یہ ظاہر کرتی ہیں کہ جنگ بندی کے باوجود غزہ کے شہری مسلسل خطرات میں گھرے ہوئے ہیں۔ اس انسانی بحران کے ساتھ ساتھ ایک اور تشویش ناک پیش رفت مقبوضہ بیت المقدس میں دیکھنے میں آئی جہاں صہیونیوں نے نیا آبادکاری منصوبہ شروع کر دیا ہے۔ اس اقدام پر اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) نے شدید مذمت کی ہے اور اسے بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی کھلی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ اٹلی، فرانس، کینیڈا اور ناروے سمیت متعدد ممالک نے بھی مشترکہ اعلامیہ جاری کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ مغربی کنارے میں اسرائیل کا یہ اقدام دو ریاستی حل کے امکانات کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچائے گا۔ ان ممالک کا موقف ہے کہ آبادکاری کی توسیع خطے میں امن کے قیام کی ہر کوشش کو سبوتاژ کرنے کے مترادف ہے کیونکہ یہ زمینی حقائق کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرنے کی کوشش ہے جس سے مستقبل میں کسی بھی مذاکراتی حل کی گنجائش سکڑتی جا رہی ہے۔ ایک طرف بین الاقوامی برادری بیانات اور مذمتی قراردادوں کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے تو دوسری جانب زمینی حقائق میں کوئی خاطر خواہ تبدیلی دکھائی نہیں دیتی۔

مکہ دفاعی معاہدہ! دفاع و علاقائی اقتصادی انضمام کی نئی امید!

مشرق وسطیٰ میں بدلتا ہوا طاقت کا توازن علاقائی سلامتی اور تحفظ کیلئے ناگزیر ہے' پاکستان' ترکیہ اور سعودی عرب کے درمیان ہونیوالا دفاعی معاہدہ'' مکہ'' کے بعد یوں محسوس ہوتا ہے جیسے اب مشرق وسطیٰ میں اصل کھیل شروع ہو گیا ہے۔ گذشتہ

انصب رضا فاطمی

دنوں پاکستان' سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین مشترکہ دفاعی معاہدہ طے پا گیا جس کے تحت تینوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کے تمام شعبوں کو مزید وسعت دیتے ہوئے مضبوط بنایا جائیگا اور تینوں ممالک میں سے کسی ایک کیخلاف کوئی بھی مسلح حملہ تینوں ممالک کیخلاف حملہ تصور کیا جائیگا۔ اس تاریخی معاہدے پر سعودی ولی عہد محمد بن سلمان' ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مکہ مکرمہ میں ہونیوالے سربراہی اجلاس کے موقع پر دستخط کئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ حرمین شریفین کے سائے تلے طے پانے والا یہ تاریخی معاہدہ آنے والی نسلوں کیلئے امن و استحکام' اقتصادی ترقی اور ان کی سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے ڈھال ثابت ہوگا۔ دوسری جانب یہ بات بالکل واضح کی گئی ہے کہ معاہدے کا مقصد کسی بھی جارحیت کیخلاف اجتماعی دفاع کو مضبوط بنانا ہے۔ مزید برآں اس معاہدہ تینوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کے تمام شعبوں کو مزید وسعت دینے اور مضبوط بنانے کی بھی ضمانت دیتا ہے۔ یہ معاہدہ نہ صرف وقت کی ضرورت ہے بلکہ اگر اس میں مزید اسلامی ممالک شامل ہو جائیں تو اس کے ذریعے مسلم دنیا اپنے دیرینہ مسائل حل کروا سکتی ہے' ایک آواز' ایک طاقت بن کر دنیا میں حق و انصاف کا بول و بالا کیا جا سکتا ہے۔ اس اہم معاہدہ کے بعد پاکستان پہلے مرحلے میں اسلامی اتحاد کے میکریٹریٹ کی قیادت سنبھالے گا' میکریٹریٹ تینوں ممالک کے فیصلوں پر عمل درآمد کی نگرانی اور مشترکہ دفاعی تعاون کو مربوط رکھنے کا مرکز ہوگا۔ جبکہ فیصلہ سازی کیلئے وزرائے خارجہ' وزرائے دفاع اور سربراہان افواج پر مشتمل ایک اعلیٰ سطحی کونسل تشکیل دی جائیگی جس کے سال میں دو اجلاس بھی ہونگے۔ دوسری جانب یہ بھی حقیقت ہے کہ اگر ایران امریکہ جنگ نہ ہوتی تو شاید خلیجی ممالک اپنی سیکورٹی کے حوالے یونہی غفلت کا شکار ہی رہتے' یوں محسوس ہوتا ہے جیسے اب خطے کے ممالک اس نتیجے پر پہنچ چکے ہیں کہ وہ امریکہ کی جانب سے سیکورٹی فراہم کرنے کے دعوے پر انحصار نہیں کر سکتے جبکہ انہیں یہ احساس بھی ہو گیا ہے کہ سیکورٹی کوئی ایسی چیز نہیں جسے جھوٹے دلاسوں سے خریدا جا سکے۔ یہی وجہ ہے کہ مکہ معاہدہ سامنے آیا ہے۔ سب جانتے ہیں کہ پاکستان' سعودی عرب اور ترکیہ کیساتھ ایران کے بھی گہرے مذہبی' تاریخی اور تہذیبی رشتے ہیں' ایران کو اس معاہدے پر تشویش نہیں ہے اور ہونی بھی نہیں چاہیے کیونکہ ایران ان کا ہدف نہیں ہے' ان کا اصل ہدف اپنی قومی سلامتی کو یقینی بنانا ہے اب چاہیں وہ کوئی بھی ملک ہو جو ان کی سلامتی کیلئے خطرہ بننے کی کوشش کرے گا یہ تینوں ممالک مشترکہ طور پر اس کیخلاف کارروائی کر سکتے ہیں۔ دوسری جانب گذشتہ دنوں مکہ معاہدے سے متعلق ایران' سعودی عرب اور کویت کے وزرا خارجہ سے ٹیلیفون پر گفتگو کرتے ہوئے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے علاقائی اور بین الاقوامی امور' خطے کی بدلتی صورتحال اور امن و استحکام کے فروغ کیلئے جاری کوششوں پر گفتگو کی اور مکہ معاہدہ سے متعلق انہیں آگاہ کیا۔ اس موقع پر یہ واضح کر دیا گیا کہ مکہ معاہدہ کے قطعاً کوئی جارحانہ مقاصد کیلئے نہیں بلکہ صرف دفاعی مقاصد اور خطے میں امن' سلامتی' ترقی اور خوشحالی کے فروغ کیلئے ہے اور پھر گزشتہ سال اس سلسلے میں باقاعدہ معاہدہ طے پایا تھا یہ دراصل اسی معاہدے کی توسیع ہے۔ میں سمجھتا ہوں پاکستان سمیت تینوں ممالک نے نیک نیتی کیساتھ یہ معاہدہ کیا ہے یہی وجہ ہے کہ پاکستان نے مکہ معاہدہ سے متعلق سب کو آگاہ کر کے اپنا فرض ادا کر دیا ہے۔ تاہم ماہرین اقتصادیات کا یہ کہنا درست ہے کہ اگر دفاعی تعاون کیساتھ ساتھ تجارت میں سہولت' نئی سرمایہ کاری اور صنعتی شراکت داری کو بھی فروغ دیا جائے تو یہ بلاک علاقائی اقتصادی انضمام کی مضبوط بنیاد بن سکتا ہے

پاکستان میں ڈیجیٹل تبدیلی اور گوگل کے ساتھ نئی شراکت داری

محمود خان

پاکستان تیزی سے بدلتی ہوئی عالمی ٹیکنالوجی کے دور میں داخل ہو رہا ہے، جہاں ڈیجیٹل معیشت، مصنوعی ذہانت، جدید ٹیکنالوجی اور ہنرمند انسانی وسائل کسی بھی ملک کی ترقی کے بنیادی ستون بن چکے ہیں۔ اسی تناظر میں حکومت پاکستان اور عالمی ٹیکنالوجی کمپنی گوگل کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط ایک اہم پیش رفت قرار دیے جا سکتے ہیں۔ اس شراکت داری کا بنیادی مقصد پاکستان میں ڈیجیٹل تبدیلی کے عمل کو تیز کرنا، نوجوانوں کو جدید ڈیجیٹل مہارتوں سے آراستہ کرنا، مصنوعی ذہانت کے استعمال کو فروغ دینا اور ملک کی آئی ٹی برآمدات و ڈیجیٹل معیشت کو وسعت دینا ہے۔ حکومت پاکستان کے مطابق اس تعاون کے ذریعے پاکستان کی آئی ٹی برآمدات اور مجموعی ڈیجیٹل معیشت کو 2030ء تک 30 ارب ڈالر تک پہنچانے کے ہدف کے حصول میں مدد ملے گی۔ یہ ہدف بڑا ہے اور چیلنجنگ ہے، تاہم پاکستان کی نوجوان آبادی، ٹیکنالوجی سے بڑھتی ہوئی وابستگی اور عالمی سطح پر پاکستانی آئی ٹی ماہرین کی صلاحیتوں کو دیکھتے ہوئے اس مقصد کے لیے وسیع امکانات موجود ہیں۔ اس حوالے سے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے گوگل کی اعلیٰ قیادت کے وفد کے اعزاز میں خصوصی استقبالیہ دیا اور مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کی تقریب میں شرکت کی۔ تقریب میں وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، گوگل کے نائب صدر برائے حکومتی امور و پبلک پالیسی ولسن وائٹ، امریکی ناظم الامور ٹائل اے بکر اور دیگر اعلیٰ حکام بھی شریک ہوئے۔ اس موقع پر وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان اور گوگل کی شراکت داری کے حوالے سے یہ ایک اہم دن ہے، جدید ذرائع، ٹیکنالوجی اور نئی مہارتوں کے ذریعے نوجوانوں کو بااختیار بنایا جائے گا۔ وزیراعظم نے اس امر پر بھی زور دیا کہ پاکستان اس وقت گورننس سمیت مختلف شعبوں میں بڑی ڈیجیٹل تبدیلی کے مرحلے سے گزر رہا ہے اور ملک کی نوجوان آبادی پاکستان کی تقدیر بدلنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ حکومت اور گوگل کے درمیان ہونے والے معاہدے کا ایک اہم پہلو نوجوانوں کی تربیت ہے۔ ایم او یو کے تحت گوگل 2026ء تک میں پاکستانی نوجوانوں کو ایک لاکھ 50 ہزار گوگل کیریئر سرٹیفکیٹس فراہم کرے گا۔ ان سرٹیفکیٹس کے ذریعے نوجوانوں کو مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق جدید اور زیادہ طلب رکھنے والی تکنیکی مہارتیں حاصل کرنے کا موقع ملے گا۔ اس اقدام سے نوجوانوں کے لیے روزگار اور آن لائن کام کے نئے مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے۔ موجودہ دور میں مصنوعی ذہانت دنیا کے تقریباً ہر شعبے کو متاثر کر رہی ہے۔ تعلیم، صحت، زراعت، صنعت، تجارت، بینکاری اور سرکاری امور سمیت مختلف شعبوں میں اے آئی کا استعمال تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ پاکستان بھی اس عالمی تبدیلی سے فائدہ اٹھانے کے لیے مصنوعی ذہانت کو اپنی ترقیاتی حکمت عملی کا حصہ بنا رہا ہے۔ گوگل کی جانب سے پاکستانی طلباء کو جدید اے آئی ٹولز فراہم کرنے کے امکانات کا جائزہ لینا اسی سلسلے کی اہم کڑی ہے۔ طلباء کو گوگل اے آئی پلس اور جیمینائی نوٹ بک تک ایک سال کی مفت رسائی کی سہولت فراہم کرنے سے تعلیم اور تحقیق کے میدان میں نئی راہیں کھل سکتی ہیں۔ اس شراکت داری کا ایک اہم منصوبہ اسلام آباد میں خصوصی اے آئی سینٹر آف ایکسی لینس کا قیام بھی ہے۔ اس مرکز میں پاکستانی نوجوانوں اور انسانی وسائل کو عالمی ٹیکنالوجی مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق تربیت دی جائے گی، اگر اس منصوبے کو موثر انداز میں عملی شکل دی گئی تو پاکستان کے نوجوان عالمی ڈیجیٹل مارکیٹ میں بہتر انداز سے اپنی خدمات پیش کر سکیں گے اور ملک کے لیے قیمتی زرمبادلہ کمانے کا ذریعہ بن سکتے ہیں۔ ڈیجیٹل تبدیلی صرف نوجوانوں کی تربیت تک محدود نہیں رہے گی بلکہ سرکاری اداروں کے کام کرنے کے طریقہ کار کو بھی جدید بنانے میں مدد دے گی۔ نوجوانوں کے لیے موبائل ایپلی کیشنز، گیمز، سافٹ ویئرز اور دیگر ڈیجیٹل مصنوعات تیار کر کے عالمی مارکیٹ میں جگہ بنانے کے مواقع پیدا ہوں گے۔ ڈیجیٹل معیشت کی ترقی کے لیے مضبوط ڈیجیٹل ادائیگیوں کا نظام بھی ضروری ہے۔ حکومت اور گوگل کے درمیان تعاون کے تحت ڈیجیٹل پیمنٹس ایکو سسٹم کو مضبوط بنانے اور ڈیجیٹل تجارت کو فروغ دینے کے طریقوں کا جائزہ لیا جائے گا۔ اگر پاکستان میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کا نظام مزید آسان، محفوظ اور قابل اعتماد بنایا جائے تو کاروباری سرگرمیوں میں تیزی اور غیر رسمی معیشت کو دستاویزی شکل دینے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔ اس شراکت داری کا ایک اور اہم پہلو حکومت، گوگل اور صنعتی اداروں کے نمائندوں پر مشتمل مشترکہ ٹاسک فورس کا قیام ہے۔ یہ ٹاسک فورس آئی ٹی برآمدات میں اضافے کی راہ میں حائل رکاوٹوں اور نئے مواقع کی نشاندہی کرے گی۔ اس کے علاوہ ہارڈ ویئر مینوفیکچرنگ، آئی ٹی سروسز، سرمایہ کاری کے فریم ورک، عالمی منڈیوں تک رسائی اور انسانی وسائل کی اپ سکلنگ جیسے اہم معاملات پر بھی کام کیا جائے گا۔ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کے پاس ایک بڑی نوجوان آبادی موجود ہے، جو اگر جدید تعلیم، مہارتوں اور روزگار کے مناسب مواقع سے فائدہ اٹھائے تو ملکی معیشت کو نئی سمت دے سکتی ہے۔ تاہم ڈیجیٹل تبدیلی کے اہداف کے حصول کے لیے صرف معاہدوں اور اعلانات کافی نہیں ہوں گے۔ ضروری ہے کہ ان منصوبوں پر شفاف، مسلسل اور موثر انداز میں عمل درآمد کیا جائے، تربیتی پروگراموں کا دائرہ ملک کو روایتی معیشت سے ڈیجیٹل معیشت کی طرف لے جانے والی کمپنیاں مشترکہ طور پر کام کریں تو پاکستان نہ صرف اپنی آئی ٹی برآمدات میں نمایاں اضافہ کر سکتا ہے

ہیڈ نگلے کی شکست نہیں، نظام کا ایکسرے

پاکستان کرکٹ کے لیے ہیڈ نگلے میں انگلینڈ کے ہاتھوں ایک اننگز اور 103 رنز کی شکست کو اگر ہم صرف ایک خراب ٹیسٹ، خراب موسم یا چند کھلاڑیوں کی ناکامی کہہ کر آگے بڑھ گئے تو اصل شکست میدان میں نہیں، ہماری سوچ میں ہوگی۔ پاکستان پہلی اننگز میں 171 اور دوسری میں صرف 135 رنز پر آؤٹ ہوا۔ دونوں اننگز ملا کر

محمد اکرم چوہدری

ہماری ٹیم صرف 85.4 اوور کھیل سکی۔ اس کے مقابلے میں انگلینڈ نے ایک ہی اننگز میں 409 رنز بنا ڈالے اور پیچ تیسرے دن ہی ختم ہوگیا۔

یہ محض ایک سکور کارڈ نہیں۔ یہ پاکستان کی ٹیسٹ کرکٹ کا ایکسرے ہے۔

بیٹنگ: مسئلہ رنز کا نہیں، ٹیسٹ بیٹنگ کی تربیت کا ہے۔

پہلی اننگز میں عبداللہ شفیق کے 61 اور امام الحق کے 42 رنز نے کچھ دیر مزاحمت کی، لیکن اس کے بعد آخری آٹھ وکٹیں صرف 74 رنز کے اضافے میں گر گئیں۔ دوسری اننگز میں محمد رضوان کے 41 رنز سب سے بڑی اننگز ثابت ہوئے اور پوری ٹیم 135 پر سمٹ گئی۔

اولی رابنسن اور جوش ٹنگ نے میچ میں آٹھ، آٹھ وکٹیں حاصل کیں۔

سبق غور طلب ہے۔ رابنسن غیر معمولی رفتار سے نہیں، بلکہ فل لینتھ، اسٹمپس پر مسلسل حملے اور نظم و ضبط سے پاکستانی بلے بازوں کو شکست دے رہے تھے۔

یہاں کسی ایک بلے باز کو نکال دینا علاج نہیں۔

اصل سوال یہ ہے کہ ہمارے ٹاپ آرڈر کو حرکت کرتی گیند چھوڑنا، آف سٹمپ کی صحیح جگہ سمجھنا، نرم ہاتھوں سے دفاع کرنا اور مشکل سیشن کو اپنی انا قربان کر کے گزارنا کہاں سکھایا جا رہا ہے؟

ٹیسٹ کرکٹ میں بعض اوقات بہترین شاٹ وہ ہوتا ہے جو کھیلا ہی نہ جائے۔

ہیڈ نگلے میں پاکستان بار بار اسی فیصلے میں ہارا۔

فاسٹ بولنگ: ہمارا سب سے بڑا ہتھیار کند کیوں ہوگیا؟

پاکستانی کرکٹ کی تاریخی شناخت فاسٹ بولنگ رہی ہے۔

عمران خان، وسیم اکرم، وقار یونس اور شعیب اختر کی سرزمین پر ایک زمانے میں حریف پاکستانی فاسٹ بولنگ کے نام سے منصوبے بناتے تھے۔

ہیڈ نگلے میں منظر مختلف تھا۔

انگلینڈ کے 409 رنز میں ہیری بروک نے 91، جارڈن کاکس نے 73، جو روٹ نے 66 اور ڈین لارنس نے 51 رنز بنائے۔ خرم شہزاد نے تین وکٹیں ضرور لیں مگر 133 رنز دیئے، جبکہ محمد عباس کو 25 اوورز میں صرف ایک وکٹ ملی۔ انگلش حالات میں اگر ہمارے فاسٹ بولرز مسلسل ایک خطرناک چینل نہیں بنا سکتے تو مسئلہ صرف رفتار کا نہیں۔ مسئلہ کنٹرول، فٹنس، منصوبہ بندی اور ریڈ بال بولنگ کی مہارت کا بھی ہے۔ ہمیں ہر نوجوان بولر میں 150 کلومیٹر فی گھنٹہ تلاش کرنے سے پہلے ایسے بولر بنانے چاہئیں جو مسلسل چھ گیندیں ایک مقصد کے تحت کر سکیں۔ وسیم اور وقار دوبارہ پیدا کرنا ممکن نہیں، مگر ان کی اصل خوبی ضرور پیدا کی جا سکتی ہے۔ مہارت، تجسس، محنت اور بلے باز کو پڑھنے کا فن۔ سپن: علی عثمان نے ایک راستہ دکھایا اس مایوس کن شکست میں علی عثمان کی پانچ وکٹیں امید کی ایک حقیقی کرن تھیں۔ انہوں نے 95 رنز دے کر پانچ وکٹیں حاصل کیں۔ جب پوری ٹیم دباؤ میں تھی وایک سپنر نے ثابت کیا کہ اگر بولر کے پاس کنٹرول، حوصلہ اور وکٹ لینے کا منصوبہ ہو تو حالات سے کچھ نہ کچھ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اس کامیابی کو محض انفرادی کارکردگی سمجھ کر نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔ اگلے ٹیسٹ اور مستقبل کی منصوبہ بندی میں سپنرز کا انتخاب ناموں کی بجائے کنڈیشنز، وکٹ اور حریف بلے بازوں کے مطابق ہونا چاہیے۔ فیلڈنگ: اب اسے پاکستانی روایت کہہ کر نہیں ٹالا جا سکتا ہیری بروک کو صرف ایک رن پر زندگی ملی۔ وہ اگر چل کر 91 رنز بنا گئے۔ ٹیسٹ کرکٹ میں ایک ڈراپ کیچ کبھی کبھی پورے میچ کی قیمت بن جاتا ہے۔ پاکستان کی خراب فیلڈنگ پر برسوں سے لطیفے بنتے آئے ہیں۔ اب یہ لطیفہ نہیں رہا، یہ قومی ٹیم کی ایک مستقل بیماری ہے۔ بیٹنگ کے لیے غیر معمولی قدرتی صلاحیت اور فاسٹ بولنگ کے لیے خاص جسمانی خصوصیات درکار ہو سکتی ہیں، مگر کیچ پکڑنا، گیند روکنا، درست تھرو کرنا اور میدان میں چست رہنا بنیادی طور پر تربیت، فٹنس اور نظم و ضبط کا نتیجہ ہے۔ اگر کئی نسلوں سے ہماری فیلڈنگ کمزور ہے تو مسئلہ صرف کھلاڑیوں کا نہیں، نظام کا ہے۔ فٹنس: ٹیسٹ پاس کرنا نہیں، پانچ دن ٹیسٹ کرکٹ کھیلنا معیار ہونا چاہیے۔ پی سی بی نے حال ہی میں ڈومیسٹک کرکٹ کے لیے باقاعدہ فٹنس پالیسی متعارف کرائی ہے۔ یہ اچھی ابتدا ہے۔ لیکن فٹنس ٹیسٹ پاس کرنا منزل نہیں۔ اصل فٹنس یہ ہے کہ فاسٹ بولر دن کے آخری سیشن میں بھی وہی لائن رکھ سکے، فیلڈر پانچویں دن بھی مشکل کیچ پکڑ سکے اور بلے باز تین گھنٹے بیٹنگ کرنے کے بعد بھی اگلا رن اسی شدت سے دوڑ سکے۔ فٹنس کو کاغذ پر نہیں، میدان میں ناپنا ہوگا۔ سلیکشن: ہر شکست کے بعد انقلاب بند ہونا چاہیے قائم مقام کپتان سلمان علی آغا نے شکست کے بعد تسلیم کیا کہ پاکستان بیٹنگ اور بولنگ دونوں میں مستقل مزاج نہیں تھا۔ لیکن مستقل مزاجی اس وقت کیسے پیدا ہو گی جب ہر ناکامی کے بعد ٹیم میں اکھاڑ پچھاڑ شروع ہو جائے؟ ہمیں واضح سلیکشن پالیسی چاہیے۔ فرسٹ کلاس فارم، متعلقہ سٹرنڈ سیشنز میں کارکردگی، فٹنس، تکنیکی صلاحیت اور ذہنی مضبوطی۔ ان سب کے واضح پیمانے ہونے چاہئیں۔ نوجوان کو دو ٹیسٹ دے کر ناکام قرار دینا غلط ہے اور سینئر کھلاڑی بھی شکست کے بعد اپنی کرسی کے بارے میں سوچنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ یہ ماحول قیادت پیدا نہیں کرتا۔ بورڈ، سلیکشن کمیٹی، کوچ اور کپتان کے اختیارات واضح ہونے چاہئیں۔ میدان کی حکمت عملی کپتان اور کوچ کے پاس ہو اور ان کا احتساب پہلے سے طے شدہ پیمانوں کے مطابق کیا جائے۔ ہر سیریز کے بعد کپتان، کوچ یا سلیکٹر تبدیل کرنا اصلاح نہیں۔ یہ انتظامی بے صبری ہے۔ ڈومیسٹک کرکٹ: میچوں کی تعداد نہیں، معیار اہم ہے۔

پنجاب انٹیگریٹڈ سیف سٹی نیٹ ورک کا افتتاح

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب انٹیگریٹڈ سیف سٹی نیٹ ورک کا ڈیجیٹل افتتاح کر دیا۔ پنجاب کے تمام 41 اضلاع اور 2 تحصیلوں میں مربوط سیف سٹی نیٹ ورک قائم کرنے والا پاکستان کا پہلا صوبہ بن گیا ہے۔ پولیس، سی سی ڈی اور سیف سٹیز اتھارٹی کی مشترکہ کوششوں سے جرائم میں تقریباً 80 فیصد کمی ریکارڈ ہوئی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سیف سٹی ہیڈ کوارٹر میں منعقدہ تقریب میں شرکت کی اور

حامد حسین عباسی

پنجاب انٹیگریٹڈ سیف سٹی نیٹ ورک کا ڈیجیٹل افتتاح کیا۔ وزیراعلیٰ نے تمام اضلاع کی سیف سٹی سکرینوں کا مشاہدہ کیا۔ آئی جی پنجاب راؤ عبدالکریم نے پنجاب پولیس کی سپورٹ کرنے پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کیا۔ پولیس کمیونیکشن آفیسرز نے تقریب میں خطاب کے دوران اپنے تاثرات بیان کیے۔ روجھان/ کچے کے رہائشی نوجوان پولیس کمیونیکشن آفیسر فضل محمد نے بلوچی زبان میں وزیراعلیٰ کا شکریہ ادا کیا۔ بھکر/ دریا خان کی پولیس کمیونیکشن آفیسر خدیجہ غضنفر نے آسمان کی بلندیوں کو چھونے کا موقع دینے پر اظہار تشکر کیا ہے۔ گمشدہ بچوں کو والدین سے ملانے پر مامور پولیس کمیونیکشن آفیسر محمد علی نے دل کو چھو لینے والی کہانی بیان کی۔ ملتان کے پولیس کمیونیکشن آفیسر فرحان علی نے شناخت ایپ "میری پہچان" کے بارے میں بتایا۔ کوٹ رادھا کشن کے پولیس کمیونیکشن آفیسر محمد جمیل نے تاثرات بیان کیے۔ ایم ڈی سیف سٹی احسن یونس نے خطاب میں تفصیلات سے آگاہ کیا اور بتایا کہ انٹیگریٹڈ سمارٹ سیف سٹیز نیٹ ورک، آرٹیفیشل انٹیلی جنس (AI) سے صوبہ بھر میں نگرانی کا موثر نظام قائم کیا گیا ہے۔ انٹیلی جنس سرویلنس، ایمرجنسی 15، انٹیلی جنٹ ٹریفک مینجمنٹ، ریئل ٹائم کمانڈ اینڈ کنٹرول، پیشگوئی پر مبنی پولیسنگ سسٹم، سیف سٹی پراجیکٹ میں ورچوئل ویپن پولیس سٹیشن، چائلڈ سیفٹی، ورچوئل سینٹر، ورچوئل بلڈ بینک، میثاق، ٹریفک اور انوائرمنٹ شامل ہیں۔ صوبہ بھر میں 1500 مزید پینک بٹن لگائے جائیں گے، ہر تھانے میں پینک بٹن نصب ہوں گے۔ پولیس خدمت مرکز سمارٹ سکرین، شاپنگ سینٹرل اور عوامی مقامات پر نصب کی جائے گی۔ ایمرجنسی 15، ڈیجیٹل شواہد اور ریئل ٹائم کمانڈ اینڈ کنٹرول کے ذریعے عوام کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے گا۔ مریم نواز شریف نے سیف سمارٹ سٹیز پراجیکٹ کو ہر تحصیل اور یونین کونسل تک لے جانے اور مزید 1500 پینک بٹن نصب کرنے کا اعلان کیا ہے ہر پولیس سٹیشن اور نمایاں عوامی مقامات پر پینک بٹن لگائے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ نے پنجاب انٹیگریٹڈ سیف سٹی نیٹ ورک کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پوری قوم کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ روشن چہروں اور جواں ہمت بچوں کو دیکھ کر یقین ہوتا ہے کہ پنجاب آگے بڑھ رہا ہے، یہ کبھی آنچ نہیں آنے دیں گے۔ روجھان اور ہارون آباد جیسے دور دراز علاقوں سے آنے والے بچوں کا پولیس کمیونیکشن آفیسر بننا خوش آئند ہے۔ آج سیف سٹی اتھارٹی دیکھ کر میں سر جھکا کر اللہ کا شکر ادا کرتی ہوں۔ 15 کی صورت میں عوام کیلئے ایک زبردست ڈیجیٹل سسٹم کام کر رہا ہے۔ پنجاب ٹیکنالوجی، سمارٹ پولیسنگ، پیش گوئی پر مبنی پولیسنگ میں لیڈ کر رہا ہے۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ مریم نواز نے 2029ء تک پنجاب کو جنوبی ایشیا کا سب سے زیادہ آرٹیفیشل انٹیلی جنس فعال (این ایہلڈ) صوبہ بنانے کا ہدف مقرر کر دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے صوبائی مشیر برائے مصنوعی ذہانت اور خصوصی اقدامات علی مصطفیٰ ڈار نے ملاقات کی، ملاقات میں پنجاب اے آئی وژن 2029ء کی باضابطہ لانچنگ پر مشاورت کی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو صوبائی مشیر علی مصطفیٰ ڈار نے اے آئی آفس کی گزشتہ دو ماہ کی کارکردگی پر تفصیلی بریفنگ دی اور پنجاب میں قائم کئے گئے دنیا کے پہلے آرٹیفیشل انٹیلیجنس فعال ڈیلیوری یونٹ سے متعلق آگاہ کیا گیا۔ ملاقات میں پنجاب آرٹیفیشل انٹیلیجنس ایجنڈے پر عملدرآمد کے لیے تشکیل کردہ اعلیٰ سطح ٹیم کے بارے میں بریفنگ دی گئی اور گلوبل ڈیلیوری ماہرین کے تعاون سے تیار کردہ آن بورڈنگ پروگرام کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ ملاقات کے دوران جنوبی ایشیا کا سب سے زیادہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس این ایہلڈ صوبہ بنانے کے وژن پر جاری پیشرفت پر تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔ وزیراعلیٰ کو صوبائی مشیر علی ڈار نے اے آئی وژن 2029ء کے چھ بنیادی ستونوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اے آئی وژن 2029ء پر پیشرفت کے جائزے کے لیے پہلی سی ایم اے آئی سناک فیک کے حوالے سے تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔

ہمارا نوجوان اضطراب کا شکار کیوں ہے؟

میں چائے اور کافی کا شوقین انسان ہوں۔ شام کا وقت ہو، چاہے اسلام آباد کی کسی پُرسکون سڑک پر ڈھلتی ہوئی روشنیوں کے درمیان بیٹھا ہوں یا لاہور کی کسی مصروف شاہراہ پر زندگی کی تیز رفتاری کو دیکھ رہا ہوں، میرا قدم اکثر کسی نہ کسی کیفے یا چائے کے ہوٹل کی طرف بڑھ جاتا ہے۔ میرے لیے چائے یا

ڈاکٹر ناصر خان

کافی کی خوشبو میں صرف ذائقہ نہیں بلکہ لوگوں کے احساسات، ان کے رویّے اور ان کی زندگیوں کے بے شمار ان کہے قصے بھی شامل ہوتے ہیں۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ایک سماجی سائنس دان کی حیثیت سے میری نظر صرف میز پر رکھے ہوئے کپ پر نہیں ٹھہرتی، بلکہ ان چہروں کو بھی پڑھتی ہے جو میرے اردگرد بیٹھے ہوتے ہیں؛ کسی کی آنکھوں میں چھپی تھکن، کسی کی مسکراہٹ کے پیچھے چھپا درد، کسی کی خاموشی میں پنہاں سوال اور کسی کی گفتگو میں بکھرے خواب۔ شام کی ان مختصر محفلوں میں مجھے محسوس ہوتا ہے کہ ہر انسان اپنے اندر ایک مکمل کتاب لیے پھرتا ہے، بس ضرورت اس بات کی ہے کہ کوئی اسے غور سے پڑھنے والا ہو۔ میں لوگوں کے چہروں کو پڑھنے کی کوشش کرتا ہوں، ان کے رویوں کو سمجھنے کی کوشش کرتا ہوں، ان کی مسکراہٹوں کے پیچھے چھپی کہانیاں تلاش کرتا ہوں اور ان کی خاموشیوں میں موجود درد کو محسوس کرنے کی کوشش کرتا ہوں، کیونکہ میرے لیے انسانی رویے محض مشاہدے کی چیز نہیں بلکہ قلم بند کرنے والی حقیقت ہیں۔ لیکن گزشتہ کچھ عرصے سے ایک عجیب تبدیلی محسوس کر رہا ہوں۔ ہماری نوجوان نسل، جو کسی بھی قوم کا سب سے قیمتی سرمایہ ہوتی ہے، مجھے ایک گہری بے چینی، اضطراب اور غیر یقینی کیفیت میں نظر آتی ہے۔ چہروں پر خواب کم اور تھکن زیادہ دکھائی دیتی ہے۔ آنکھوں میں امید کی روشنی کم اور مستقبل کا خوف زیادہ نظر آتا ہے۔

ایک سوال بار بار ذہن میں آتا ہے کہ آخر وہ نسل جس کے ہاتھ میں دنیا بدلنے کی طاقت ہے، وہ اتنی پریشان کیوں ہے؟

کہتے ہیں، "انسان کی اصل حالت اس کے چہرے پر لکھی ہوتی ہے، زبان صرف وہی کہتی ہے جو انسان کہنا چاہتا ہے، مگر آنکھیں وہ بتاتی ہیں جو انسان چھپانا چاہتا ہے۔"

آج کے نوجوان کے چہرے پر ایک عجیب جنگ جاری ہے۔ وہ کامیاب ہونا چاہتا ہے، آگے بڑھنا چاہتا ہے، دنیا حاصل کرنا چاہتا ہے، مگر اسے یہ معلوم نہیں کہ جانا کہاں ہے اور راستہ کون سا اختیار کرنا ہے۔ ہماری نوجوان نسل کا سب سے بڑا مسئلہ صرف وسائل کی کمی نہیں، بلکہ سمت کا فقدان ہے۔ آج کا نوجوان معلومات سے بھری دنیا میں رہتا ہے لیکن حکمت اور مقصد کی تلاش میں بھٹک رہا ہے۔ اس کے ہاتھ میں موبائل فون ہے

تعلیم و تربیت کوئز 1

اور توانائی کی سلامتی مزید تیز ہوئی ہے اور اس کے اثرات ہمیں علاقے سے باہر بڑھ رہے ہیں۔ اے جاپان سلامتی کمیٹی کے پانچ بڑے ارکان (ڈنمارک، فرانس، یونان، لٹویا اور برطانیہ) کی درخواست پر منعقد ہوا۔ اگست کے سلامتی کونسل کی صدارت ڈنمارک کے پاس ہے اور اجلاس کی صدارت ڈنمارک کے وزیر خارجہ لارس لوکے راسموسن نے کی۔ پاکستانی مندوب نے کہا کہ توانائی کے بنیادی ڈھانچے کے تحفظ میں الاقوامی انسانی قانون کے تحت بنیادی ذمہ داری ہے اور فریقین کو اس کا احترام کرنا چاہیے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ یمن کا المانوی انسانی قانون کی خلاف ورزیاں کشیدگی میں اضافہ اور انسانی مصائب میں شدت اور دوسرے ممالک کے امکانات کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔ پاکستانی مندوب نے سلامتی کونسل کے ارکان پر کشمیر کی جانب سے سنجیدہ اور باعتبار نمائندگی کے ذریعے بھی یاد دلایا۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے لیے ٹھوس عمل کی کوشش ترک کرنا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ دریا میں کا واحد قابل عمل راستہ باعزت طور پر تنازعہ حل پر امن تصفیہ ہے، جو قوام متحدہ کے منشور کے مقاصد اور اصولوں، تمام فریقین کے جائز سیکورٹی مفادات اور حفاظت شدہ کثیری معاہدوں سے ہم آہنگ ہو۔

تعلیم و تربیت کوئز 2

رائزنگ کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر کو دورہ ایران ایسے وقت میں ہوا ہے جب واشنگٹن اور تہران کے کشیدگی مسلسل بڑھ رہی ہے۔ ریوٹرز کے مطابق پاکستان نے ایک بار پھر امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات رابطے اور کشیدگی کے خاتمے کے لیے ثالثی کا کردار سنبھالا ہے۔ رائزنگ کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورہ تہران سے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے بھی ان کی گفتگو ہوئی، جس میں پاکستان نے ایران پر ایٹمی ہتھیار نہ رکھنے کی یقین دہانی کروانے کی جانب واپس لانے کی کوشش کی گئی۔ بلومبرگ نے بھی پاکستان کے ثالثی کردار کی تصدیق کی اور کہا کہ ایران کی جانب سے اس کے ساتھ کام کرنے کی خواہش ظاہر کی گئی ہے۔ بلومبرگ کی تازہ رپورٹ میں دعوے کیے گئے ہیں کہ ایران اور امریکا کے درمیان جاری بحران کے دوران پاکستان کی پیشکش پر ہفتوں سفارتی سرگرمیوں کا حصہ قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں میرٹ پر کشیدگی کا الزام ہے اور اس کے ذمہ داران کو تبادلے کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایک ڈپٹی کمشنر کے ذریعے کل میں بھی کسی کو نہیں کیا گیا۔ ایک ڈپٹی کمشنر نے ایک ہی دن میں دو تبادلے کیے۔ ایک ڈپٹی کمشنر کو ایک ہی دن میں دو تبادلے کیے گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ کام کیا گیا ہ

ESTD:1939 ONE OF THE OLDEST NEWS PAPER OF BALOCHISTAN 4

DAILY NARA-E-HAQ QUETTA

Email.Naraehaq@gmail.com

ڈپٹی کمشنر کوہلو کیانت مہر اللہ بادینی انسداد پولیو اور پلیسٹین مہم کے دوران اسکولوں اور مدارس میں بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تاجر برادری ٹیکس کی ادائیگی سے گریزاں نہیں، نظام منصفانہ بنایا جائے

ٹیکس اسکیم پر تاجر کاروباری حالات کے مطابق فیصلہ کریں، پیچیدہ طریقہ کار ختم کیا جائے، مرکزی تنظیم تاجران

کوئٹہ (این این اے) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے چیئرمین کاشف حیدری نے کہا ہے کہ تاجر برادری ٹیکس ادا کرنے سے گریزاں نہیں، تاہم ضروری ہے کہ ٹیکس کا نظام تاجروں کی حقیقی آمدن، کاروباری حالات اور زمینی حقائق کے مطابق ہو۔ ہر تاجر اپنی آمدن کے مطابق ٹیکس ریٹرن جمع کرائے اور قانون کے تحت بقایا ٹیکس بنتا ہے، وہ ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ ٹیکس نظام کے تحت یا قاصل سے گوشوارے جمع کرانے والے تاجر اسی طریقہ کار کے مطابق ٹیکس ریٹرن فائل کر سکتے ہیں، جبکہ جن ٹیکس اسکیم کے دائرے میں آنے والے تاجر اس کی شرائط اور اپنے کاروباری حالات کو سامنے رکھتے ہوئے فیصلہ کریں کہ ان کے لیے کون سا طریقہ زیادہ مناسب ہے۔ کاشف حیدری نے کہا کہ جن اسکیم میں ٹرن اوور کی بنیاد پر ایک یکمشت ٹیکس اور کم از کم 25 ہزار روپے ٹیکس کی شرح رکھی گئی ہے، اس لیے تاجروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی کاروباری صورتحال کا درست اندازہ لگاتے ہوئے ٹیکس کے حوالے سے فیصلہ کریں۔ ہماری نظر میں اصل اہمیت اس بات کی ہے کہ تاجر اپنی حقیقی آمدن ظاہر کرے، ٹیکس ریٹرن

صفحہ نمبر 3 کالم نمبر 41

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے منتخب افسران کو تقرر نامہ دے رہے ہیں

کوئٹہ، بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں میرٹ پر بھرتیوں کا عمل مکمل ہو گیا

وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت نئی تقرریاں، اہل افراد کو اہم آپریشنل ذمہ داریاں سونپی گئیں

کوئٹہ (این این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے میرٹ پر مبنی تقرریوں کے وژن کے تحت بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) میں ٹیکس انسپکٹرز، ٹیکس آڈیٹرز، سروے ٹیمز اور آپریشنل افسران کی بھرتی کا عمل انتہائی شفاف انداز میں مکمل کر لیا گیا۔ اس عمل کو صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب ٹرشیری اور چیف سیکرٹری بلوچستان شمیل قادر خان کی مکمل معاونت حاصل رہی۔ چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان اور ان کی ٹیم نے ایک جامع اور میرٹ پر مبنی بھرتی کے فریم ورک کے تحت اہل افسران کی تعیناتی کا عمل مکمل کیا۔ مبا تقی اور شفاف عمل کو یقینی بنانے کیلئے امیدواروں کا تحریری امتحان ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) کے ذریعے آزادانہ طور پر منعقد کیا گیا۔ نئے باصلاحیت افسران کی شمولیت سے بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی انتظامی، فیلڈ اور آپریشنل استعداد میں نمایاں بہتری متوقع ہے، جس سے صوبے کے ایسے ذرائع سے حاصل ہونے والے محصولات میں اضافے میں بھی مدد ملے گی۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی صوبے میں ٹیکس نیٹ کو مزید وسعت دینے، تمام قابل ٹیکس کاروباری سرگرمیوں اور خدمات کو ٹیکس نظام میں شامل کرنے اور مساوات، شفافیت اور معاشی ترقی کے درمیان توازن برقرار رکھتے ہوئے بلوچستان کی پائیدار ترقی کیلئے محصولات میں اضافہ یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے۔

کوئٹہ، سرانان بازار میں مزدوروں پر فائرنگ بزدلانہ عمل ہے، سردار علی رضا یوسفزئی

حکومت ملوث عناصر کو گرفتار کر کے سخت سزا دے اور متاثرہ خاندانوں کی مالی معاونت کرے، سامی وقیاقی رہنما

کوئٹہ (این این اے) سامی وقیاقی رہنما سردار علی رضا یوسفزئی نے سرانان بازار میں مزدوروں پر فائرنگ کے المناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ روزی روٹی کی تلاش میں نکلنے والے بے گناہ محنت کشوں کو نشانہ بنانا انتہائی بزدلانہ اور انسانیت سوز عمل ہے۔ انہوں نے واقعے میں جان بحق ہونے والے مزدوروں کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں وہ متاثرہ خاندانوں کے ساتھ برابر کے شریک ہیں، جبکہ زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا گو ہیں۔ سردار علی رضا یوسفزئی نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کو سبوتاژ کرنے اور معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ حکومت واقعے میں ملوث عناصر کو فوری گرفتار کر کے قانون کے مطابق سزا دے اور متاثرہ خاندانوں کی ہر ممکن مالی معاونت کی جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ زخمیوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور مزدوروں سمیت تمام شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات مزید یقینی بنائے جائیں۔

چاغی، شے سالار سے کوئلہ کی لاش برآمد، پولیس کی تحقیقات جاری

چاغی (این این اے) چاغی کے علاقے شے سالار سے ایک شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے جسے نامعلوم افراد نے گولی مار کر قتل کر دیا تھا۔ پولیس نے لاش تحویل میں لے کر پوسٹ مارٹم کر دی، جہاں مقتول کی شناخت صدام ولد قادر بخش سکنہ شے سالار کے نام سے ہوئی ہے؛ واقعے کے حوالے سے مزید تحقیقات جاری ہیں۔ ادھر ہجر بازار کے قریب این 40 - شاہراہ پر تھانہ سے کوئلہ جانے والے 4 مزدوروں پر مسلح افراد کی فائرنگ کی اطلاع سامنے آئی ہے۔ فائرنگ کے نتیجے میں مزدوں کے تاڑ پھٹ گئے جبکہ ازام ایک ٹرک کو آگ لگا دی گئی، تاہم واقعے میں تاحال کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

محکمہ تعمیرات و مواصلات کے بی ایس ڈی آئی پروگرام کے تحت ترقیاتی منصوبوں کے ٹینڈرز مکمل ہو گئے

ٹینڈرز کا عمل ڈی سی دفتر میں شفاف اور میرٹ پر منعقد ہوا، منصوبوں کی شرعات سے ترقیاتی کاموں میں تیزی آئے گی

کوہلو (این این اے) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں محکمہ تعمیرات و مواصلات کے بی ایس ڈی آئی پروگرام کے تحت مختلف ترقیاتی منصوبوں کے ٹینڈرز ڈپٹی کمشنر کوہلو کے دفتر میں شفاف طریقے سے منعقد ہوئے۔ اس موقع پر ایکسین محکمہ تعمیرات و مواصلات سبط مری سمیت بی ایس ڈی آئی کے متعلقہ تمام اداروں کے نمائندے موجود تھے۔ تصیلات کے مطابق ٹینڈرز کے عمل کے دوران متعلقہ حکام اور ٹھیکیداروں کی موجودگی میں مقررہ طریقہ کار کے تحت کارروائی مکمل کی گئی۔ حکام کی جانب سے ٹینڈرز کا عمل کوہلو کے مختلف دیہات اور سیرٹ کے مطابق رکھے گئے تھے تاکہ منصوبوں کے بی ایس ڈی آئی پروگرام کے تحت مختلف ترقیاتی منصوبوں کے ٹینڈرز کامل مکمل ہونے کے بعد منصوبوں پر عملی کام شروع ہونے کی توقع ہے جس سے ضلع کوہلو میں تعمیراتی و ترقیاتی سرگرمیوں میں مزید تیزی آنے اور عام نوجوانوں کیلئے روزگار فراہمی میں بہتری کی امید ہے۔ یقینی تکنیکی تعمیرات و مواصلات تم اور ٹھیکیداروں کی موجودگی میں مقررہ طریقہ کار کے تحت کارروائی مکمل کی گئی۔

بے گناہ مزدوروں کا خون کسی صورت رائیگاں نہیں جائیگا، سردار کھیتران

بلوچستان کے عوام دہشت گردی اور تشدد کے خاتمے کے خواہاں ہیں اور امن و امن عناصر کو پیغام دینا چاہیے کہ ریاست اور عوام ان کے عزائم کو ناکام بنا دیں گے، سردار امیر الرحمٰن کھیتران

کوئٹہ (این این اے) سابق صوبائی وزیر و رکن بلوچستان اسمبلی سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے ضلع پشین کے علاقے سرمان میں نہتے مزدوروں کے قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ محنت کشوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ اور انسانیت سوز اقدام ہے۔ بے گناہ مزدوروں کا خون کسی صورت رائیگاں نہیں جانا چاہیے اور ذمے دار عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے کہا کہ مزدور طبقہ اپنی محنت اور پسینے سے معاشرے کی بنیاد مضبوط کرتا ہے۔ وہ اپنے بچوں کے بہتر مستقبل اور خاندان کی کفالت کے لیے محنت حالات

صفحہ نمبر 42 کالم نمبر 3

موسیٰ گلی، وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر ضلع کوہلو میں جاری ہونے والی انجلاء منتخبین کی ڈی سی کوہلو کیپٹن (ریٹائرڈ) انور خان جمال کو رہے ہیں

ڈھاڈر، ہندو تاجر کے گھر ڈکیتی میں ملوث 3 ملزمان گرفتار، نقدی اور موبائل برآمد

شہریوں کی جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، پولیس

کوئٹہ (این این اے) ڈھاڈر پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ہندو تاجر کے گھر ڈکیتی کی وارداتوں میں سیدھو طور پر ملوث تین ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے ایک موبائل فون اور 12 لاکھ 20 ہزار روپے نقدی برآمد ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق چند روز قبل ڈھاڈر شہر میں نامعلوم مسلح افراد نے ایک ہندو تاجر کے گھر میں داخل ہو کر اہل خانہ کو اسلحے کے زور پر خوف و ہراس میں مبتلا کیا اور نقدی، موبائل فون سمیت قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہو گئے تھے۔ واقعے کے بعد ڈی آئی جی پولیس سیدی رضا، ڈی پی او محمد عمرانی کی ہدایات پر تھانہ ڈھاڈر کی ایس ایچ